## سوال

اسلام علیکم کیا ایک مسلمان لڑکی قادیانی سے شادی کر سکتی ھے ؟ آج ہی جواب دیں شکریہ جزاک اللہ خیر

## جواب

مسلمان لڑکی کی قادیانی شخص سے شادی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !کیا ایک مسلمان لڑکی کسی قادیانی شخص سے شادی کر سکتی ہے الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! کسی بھی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی قادیانی ( غیر مسلم ) سے شادی کرے ۔ قادیانیوں کو پاکستانی پارلیمنٹ غیر مسلم قرار دے چکی ہے اور یہ عقیدہ ختم نبوت کا انکار کر کے دائرہ اسلام سے خارج ہو چکے ہیں ۔ لہذا محبت رسول ﷺ کا تقاضا ہے کہ کوئی بھی مسلمان بہن کسی قادیانی شخص سے شادی نہ کرے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث